**KOHAT CANTONMENT BOARD**
**Khushalgarh/Rawalpindi Road, Kohat Cantt.**
**Website: www.cb.kohat.com E-mail: cb.kohat@gmail.com**
**Phone:0922-9260184 Fax:0922-9260248**


**No.** 71/11/C/412 **Dated:** 23rd **May, 2024.**

To,

The Director (Admin),
Public Procurement Regulatory Authority,
1st Floor FBC Building Near State Bank,
Sector G-5/2, Islamabad.

Subject: **ADVERTISEMENT NOTICE.**

Please arrange the publication of attached 02 x auction notices on PPRA website immediately under intimation to this office.

Payment for the same shall be made on receipt of bills.

**Encl : As Above**

CANTT EXECUTIVE OFFICER
KOHAT CANTT

CamScanner

# نوٹس نیلام

## کینٹ بورڈ آفس کوہاٹ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ کوہاٹ اپنے مندرجہ ذیل ٹھیکہ جات نیلام کرنے جا رہا ہے۔ پہلی نیلامی مورخہ 10-06-2024 بوقت 11:00 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوہاٹ میں ہوگی۔ اس دن نیلامی نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ نیلامی مورخہ 11-06-2024 کو ہوگی اور اگر اس تاریخ پر بھی بولی نہ ہو سکی تو سہ بارہ بولی مورخہ 12-06-2024 کو ہوگی۔ جس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

| سیریل نمبر | ٹھیکہ | زر بیعانہ | عرصہ |
|---|---|---|---|
| 1 | جنرل بس سٹینڈ | 20 لاکھ روپے | ایک سال (01-07-2024 تا 30-06-2025) |
| 2 | پارکنگ اسٹینڈ واقع بنوں روڈ | 03 لاکھ روپے | ایک سال (01-07-2024 تا 30-06-2025) |
| 3 | ٹیکسی اسٹینڈ | 02 لاکھ روپے | ایک سال (01-07-2024 تا 30-06-2025) |
| 4 | پارکنگ اسٹینڈ، کینٹ پلازہ بنوں روڈ | 01 لاکھ روپے | ایک سال (01-07-2024 تا 30-06-2025) |
| 5 | پارکنگ اسٹینڈ، کینٹ پلازہ ہنگو روڈ | 01 لاکھ روپے | ایک سال (01-07-2024 تا 30-06-2025) |
| 6 | کینٹین سکول نمبر 2 | 50 ہزار | ایک سال (01-07-2024 تا 30-06-2025) |
| 7 | شاپ بورڈ، ایڈورٹائزمنٹ چارجز | 02 لاکھ روپے | تین سال (01-07-2024 تا 30-06-2027) |

**شرائط: تمام ٹھیکہ جات کی مشترکہ شرائط مندرجہ ذیل ہیں مزید یہ کہ ہر ٹھیکہ کی خاص شرائط علیحدہ علیحدہ نیچے درج کی گئی ہیں۔**

### 1- مشترکہ شرائط

۱) بولی دہندہ زر بیعانہ فی ٹھیکہ اور شناختی کارڈ کی کاپی جمع کروائے گا۔ اور کنٹونمنٹ بورڈ کے نادہندگان بولی میں حصہ نہیں لے سکیں گے۔

۲) اگر کسی وجہ سے پہلے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ ناکام ہو گیا تو اس صورت میں دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کو آفر کی جائے گی۔

۳) کامیاب بولی دہندہ کل بولی کا 10% حصہ بولی کے اختتام پر موقع پر بطور ضمانت جمع کرانے کا پابند ہوگا جو کہ ٹھیکہ کی احسن تکمیل مدت کے بعد ٹھیکیدار کو واپس کر دیجائے گی مذکورہ سیکورٹی کی رقم بولی کی رقم میں ایڈجسٹ نہ ہوگی۔

۴) کامیاب بولی دہندہ بولی کی رقم یکساں اقساط میں جمع کرانے کا پابند ہوگا ہر ماہ کی قسط پانچ تاریخ تک جمع کرانا ہوں گی۔ لیٹ قسط جمع کرانے کی صورت میں جنرل بس اسٹینڈ/پارکنگ اسٹینڈ واقع بنوں روڈ کے لئے -/5000 روپے روزانہ اور باقی ٹھیکوں کیلئے -/1000 روپے روزانہ کے حساب سے جرمانہ ہوگا۔ اگر 10 تاریخ تک قسط جمع نہ کروائی گئی تو ٹھیکہ بغیر مزید نوٹس کے کینسل کیا جاسکتا ہے اور اگر کوئی رقم ٹھیکیدار کے ذمہ باقی رہتی ہوگی تو وہ رقم قانونی کاروائی کے ذریعے اس کی ذاتی جائیداد/اس کے وارثان کی جائیداد یا اس کے منظور شدہ ایجنٹ کی جائیداد سے وصول کی جائیگی۔ اور سیکورٹی بھی ضبط کر لی جائے گی۔



۵) ٹھیکہ دار اپنے اسٹاف کی مدد سے وصول کرے گا اور تمام اسٹاف کے شناختی کارڈ کی کاپیاں اور دیگر تفصیلات دفتر ہذا کو جب ضرورت ہو مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔

٦) کسی دوسرے شخص کی طرف سے بولی میں حصہ لینے کیلئے متعلقہ شخص کی طرف سے مصدقہ مختارنامہ اور شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی مہیا کرنا ہوگی۔

۷) ٹھیکیدار منظور شدہ ریٹس سے زیادہ وصول نہیں کرے گا خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکہ کینسل کیا جاسکتا ہے۔

۸) ٹھیکیدار مذکورہ ٹھیکہ کسی دوسرے شخص کو مزید ٹھیکہ پر نہیں دے گا اور نہ ٹھیکہ کسی دوسرے شخص کے نام پر بغیر مجاز اتھارٹی تبدیل کروا سکے گا۔

۹) کینٹ بورڈ اور ٹھیکیدار کے درمیان اگر کوئی تنازعہ ہوتا ہے تو ٹھیکیدار عدالت میں نہیں جائے گا بلکہ بطور ثالث ڈائریکٹر ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس پشاور ریجن، پشاور کو کیس دائر کرے گا۔ جس کا فیصلہ حتمی ہوگا اور دونوں فریقین اس فیصلے کے پابند ہوں گے۔ اس فیصلے کے بعد ٹھیکیدار کسی عدالت نہیں جاسکے گا۔

۱۰) ٹھیکیدار مذکورہ ٹھیکہ کا انکم ٹیکس محکمہ انکم ٹیکس FBR کو مزید انکم ٹیکس ریٹس کے حساب سے ایڈوانس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

۱۱) کنٹونمنٹ بورڈ وقتاً فوقتاً کسی قسم کی ہدایت جاری کر سکتا ہے۔ جس پر ٹھیکیدار کا عمل کرنا لازمی ہوگا۔

۱۲) کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر PPRA رولز 2004 کی شق نمبر 33 کے تحت کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کرنے کا مجاز ہے لیکن اس کی وجوہات بیان کرنے کا پابند نہ ہوگا۔

۱۳) ٹھیکیدار کو اپنے خرچہ پر کنٹونمنٹ بورڈ کوہاٹ کے ساتھ نان جوڈیشل اسٹام پیپرز پر تحریری معاہدہ بھی کرنا ہوگا۔

۱۴) نیلامی بمطابق قواعد و ضوابط PPRA رولز 2004 عمل میں لائے جائے گی۔ نیز نوٹس PPRA ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔ مزید تفصیلات/معلومات کیلئے دوران اوقات کار رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

### 2- جنرل بس اسٹینڈ

۱) موجودہ اڈہ کا ایریا 0.916 ایکٹرز ہے۔ دفتر ہذا اس کو جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر حقوق وصولی جنرل بس اسٹینڈ فیس نیلام کرنا چاہتا ہے۔

۲) ٹھیکیدار کینٹ بورڈ کی حدود میں داخل ہونے والی کمرشل گاڑیوں سے منظور شدہ ریٹس کے مطابق اڈہ فیس وصول کرنے کا مجاز ہوگا اگر کوئی ڈرائیور اڈہ فیس ادا نہیں کرتا تو ٹھیکیدار کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ مذکورہ گاڑی کو روک کر منظور شدہ ریٹس کے برابر گیارہ گنا لینے کا مجاز ہوگا۔

CS CamScanner

۳) کامیاب بولی دہندہ درج ذیل شیڈول کے مطابق اڈہ فیس یومیہ کے حساب سے وصول کرے گا۔

ا) بس (بڑی گاڑی جو 45 سیٹر AC/Non AC ،ٹویوٹا کوسٹر AC/Non AC، ٹویوٹا (Hiace) فلائنگ کوچ (14 سیٹر)، ڈالسن، سوزوکی پک اپ (کمرشل)، سازگاز/تیز رفتار (رکشہ وغیرہ) - ایک مسافر کے کرایہ کے برابر

۴) ٹھیکیدار اڈہ فیس کی وصولی کے لیئے ایجنٹ/ورکرز کی کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر سے تحریری طور پر ان کے مکمل کوائف کے ساتھ منظوری لے گا ان کے علاوہ کوئی شخص وصولی نہیں کر سکے گا ٹھیکیدار ورکرز/ایجنٹس کی تنخواہ/اجرت خود ادا کرے گا۔

۵) ٹھیکیدار عوام الناس کی سہولت کے لیئے اڈہ پر سایہ دار بیٹھنے کی جگہ، پینے کے پانی، باتھ روم، بجلی، پنکھوں اور لائٹس کا انتظام کرنے کا اور اڈہ کو صاف ستھرا رکھنے کا ذمہ دار ہوگا جس کو محکمہ کینٹ بورڈ چیک کر سکتا ہے اور ناکامی کی صورت میں جرمانا بھی عائد کر سکتا ہے جس کو ٹھیکیدار ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

۶) موجودہ ملکی حالات کے پیش نظر اڈہ کی سیکیورٹی کا مناسب انتظام اور اس کا خرچہ ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی اس ضمن میں کنٹونمنٹ بورڈ کی ہدایات پر عمل کرنا لازمی ہوگا۔

۷) ٹھیکیدار ہر گاڑی کے کاغذات روٹ پرمٹ اور سامان کیلئے چھت پر حفاظتی جنگلے کو یقینی بنائے گا۔

۸) کسی بھی ایونٹ/غیر متوقع حالات/ گاڑیوں کی رکاوٹ/ہڑتال کی صورت میں ٹھیکیدار کلیم نہیں کر سکے گا۔

## 3- پارکنگ اسٹینڈ واقع بنوں روڈ

ا) کسی بھی ایونٹ/غیر متوقع حالات/ گاڑیوں کی رکاوٹ/ہڑتال کی صورت میں ٹھیکیدار کلیم نہیں کر سکے گا۔

۲) موجودہ پارکنگ ایریا کو کامیاب بولی دہندہ اڈہ کے طور پر استعمال نہیں کرے گا۔ پارکنگ کی جگہ کو صرف اور صرف پارکنگ کی مد میں استعمال کرنے کا مجاز ہوگا۔

۳) کامیاب بولی دہندہ درج ذیل شیڈول کے مطابق پارکنگ اسٹینڈ فیس یومیہ کے حساب سے وصول کرے گا۔

1) پک اپ ڈالسن -/60 روپے فی ٹرپ 2) سوزوکی -/50 روپے فی ٹرپ 3) رکشہ -/30 روپے فی ٹرپ

۴) کامیاب بولی دہندہ پارکنگ اسٹینڈ کی جگہ کو صاف ستھرا رکھنے کا پابند ہوگا اور بجلی، پانی کا بندوبست ٹھیکیدار خود کرے گا۔

۵) مجوزہ پارکنگ میں کینٹ بورڈ کی یہاں پر ساری زمین 23 کنال شامل نہیں ہوگی۔ بلکہ ان اور آوٹ گیٹوں کے درمیان گرل سے لیکر 180 فٹ GFC کی جانب استعمال کی جائیگی۔ اور بقیہ پٹی کے ذریعے GFC سے حفاظتی فاصلہ قائم رکھا جائیگا۔ اور کسی انسان یا گاڑی کو دیوار کے نزدیک جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

۶) بقیہ زمین میں مناسب وقت آنے پر اضافی چیزیں مثلاً دکانیں وغیرہ بنانے کا حق خود کینٹ بورڈ کوہاٹ کے پاس ہوگا۔ پارکنگ کا ٹھیکیدار صرف پارکنگ فیس کی وصولی کا حقدار ہوگا۔

## 4- ٹیکسی اسٹینڈ

ا) ٹھیکیدار تمام گاڑیوں بمعہ گاڑی نمبر، مالک کا نام اور شناختی کارڈ نمبر اور موبائل نمبر کا مکمل ریکارڈ بوٹ کرے گا اور ضرورت پڑنے پر دفتر ہذا کو مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔

۲) کامیاب بولی دہندہ درج ذیل شیڈول کے مطابق ٹیکسی اسٹینڈ فیس یومیہ کے حساب سے وصول کرے گا۔

ا) موٹر سائیکل، سکوٹر -/20 روپے ۲) رکشہ -/40 روپے ۳) موٹر کار، سوزوکی پک اپ، سوزوکی وین، سوزوکی ڈالسن -/50 روپے فی ٹرپ ۴) ٹیوٹا ہائیس -/100 روپے

۳) کسی بھی ایونٹ/غیر متوقع حالات/ گاڑیوں کی رکاوٹ/ہڑتال کی صورت میں ٹھیکیدار کلیم نہیں کر سکے گا۔

## 5- پارکنگ اسٹینڈ (1) کینٹ پلازہ بنوں روڑ (2) کینٹ پلازہ ہنگو روڑ

ا) ٹھیکیدار تمام گاڑیوں بمعہ گاڑی نمبر، مالک کا نام اور شناختی کارڈ نمبر اور موبائل نمبر کا مکمل ریکارڈ نوٹ کرے گا اور ضرورت پڑنے پر دفتر ہذا کو مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔

۲) کامیاب بولی دہندہ درج ذیل شیڈول کے مطابق پارکنگ اسٹینڈ فیس فی چکر کے حساب سے وصول کرے گا۔

ا) موٹر سائیکل، سکوٹر -/20 روپے فی ٹرپ ۲) رکشہ -/20 روپے فی ٹرپ ۳) موٹر کار، سوزوکی پک اپ، سوزوکی وین، سوزوکی ڈالسن -/30 روپے فی ٹرپ ۴) کوسٹر، بس وغیرہ -/50 روپے فی ٹرپ

۳) کسی بھی ایونٹ/غیر متوقع حالات/ گاڑیوں کی رکاوٹ/ہڑتال کی صورت میں ٹھیکیدار کلیم نہیں کر سکے گا۔

## 6- اسکول کینٹین

ا) کامیاب بولی دہندہ کو بولی کے اختتام پر 03 ماہ کا کرایہ بطور سیکورٹی جمع کروانے کا پابند ہوگا بصورت دیگر کینٹین دوبارہ آکشن کر دی جائے گی۔

۲) کامیاب بولی دہندہ کینٹین میں صفائی ستھرائی کا خیال رکھے گا نیز چیزوں کے ریٹ کینٹ بورڈ کی منظوری کے ساتھ وصولی کرے گا۔

## 7- شاپ بورڈ/ایڈورٹائزمنٹ چارجز

ا) ٹھیکیدار ماہانہ اقساط کے 36 عدد ایڈوانس پوسٹ ڈیپازٹیڈ چیک مجاز اتھارٹی کی منظوری کے 03 دن کے اندر اندر جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ چیک جمع نہ کرنے کی صورت میں پہلے سے جمع شدہ کال ڈیپازٹ/سیکورٹی کی رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائے گی۔

۲) حقوق وصولی ہورڈنگ/ایڈورٹائزمنٹ چارجز کی بولی (بڈ) کی رقم فی سال کے حساب سے ہوگی اور عرصہ مدت معاہدہ ٹھیکہ تین سال کے لئے ہوگا۔ تاہم دوسرے اور تیسرے سال کا سالانہ ٹھیکہ 10% سالانہ مرلب (compound) اضافہ کے ساتھ وصول کیا جائے گا۔

CamScanner

۳) ٹھیکہ دار درج ذیل شرح سے وصولی کرنے کا مجاز ہوگا۔ اور منظور شدہ ریٹ سے زیادہ وصول نہیں کرے گا۔ خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکہ کینسل کر دیا جائے گا اور ٹھیکہ دار کسی قسم کا کنٹونمنٹ بورڈ سے کلیم نہیں کرے گا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱) پول سائن | -/1800 روپے سالانہ فی مربع فٹ | ۲) کلاتھ بینر / اسٹریمر | -/250 روپے فی یوم فی بینر |
| ۳) شاپ بورڈ چارجز | -/50 روپے سالانہ فی مربع فٹ | ۴) نیو سائن، پلاسٹک سائن، پینا فلیکس | -/150 روپے سالانہ فی مربع فٹ |
| ۵) موبائل وین پبلسٹی | -/500 روپے روزانہ | ۶) LED/LCD سکرین | -/2000 سالانہ فی مربع فٹ |

۴) اگر کوئی دوکاندار / ایڈورٹائزنگ چارادانہ کرے تو ٹھیکہ دار کو حق حاصل ہوگا کہ بورڈ اتار کر اپنے قبضہ میں لے اور اگر بورڈ اتارتے وقت کسی قسم کا کوئی نقصان ہو جائے تو اس کا ذمہ دار دوکاندار / ٹھیکیدار خود ہوگا۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

کنٹونمنٹ بورڈ، کوہاٹ کینٹ

فون نمبر: 0922-9260184

CamScanner